## بم دھماکے وہی عناصر کررہے ہیں جوخودکش حملوں، دھماکوں اوردہشت گردی کے ذریعے ملک کوغیرمستحکم کرنا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## اپنے گھناؤنے مقاصد کیلئے معصوم وبے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہوسکتے

## راولپنڈی میں بم دھماکوں کی شدید مذمت۔درجنوں افراد کے جاں بحق اورمتعدد افراد کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔4 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوران واقعات میں درجنوں قیمتی جانوں کے جاں بحق ہونے اورمتعدد افراد کے زخمی ہونے پرشدید افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکے وہی عناصر کررہے ہیں جوخودکش حملوں، بم دھماکوں اوردہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے ملک کوغیرمستحکم کرنا چاہتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اپنے گھناؤنے مقاصد کیلئے معصوم وبے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان بم دھماکوں کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوعبرتناک سزادی جائے۔انہوں نے بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدری کا اظہار کیااورزخمیوں کی جلدصحتیابی کی دعا کی۔

## کارکنان وعوام حیدرآباد کے سابق حق پرست رکن اسمبلی مقبول احمد قریشی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔4 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول احمد قریشی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مقبول احمد قریشی کوجلداورمکمل صحتیابی عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے کارکنان وعوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ مقبول احمد قریشی کی جلدصحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## روزنامہ دی نیشن لندن کے ایڈیٹرمحمدسرور کی علالت پرالطاف حسین کا اظہارتشویش

لندن۔۔۔4 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن کے روزنامہ دی نیشن کے ایڈیٹراورسینئرصحافی محمدسرور کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ محمدسرورکوصحت کاملاں عطا کرے اوران کی عمردراز کرے۔

## صدرٹاؤن یوسی 8 کے حق پرست نائب ناظم اورایم کیوایم برنس روڈسیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔4،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدرٹاؤن یوسی 8 کے حق پرست نائب ناظم عارف گدی اورایم کیوایم برنس روڈسیکٹر کے کارکن محمدشہزاد کے بڑے بھائی عبدالرؤف کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء عبدالرؤف مرحوم کومیوہ شاہ کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ برنس روڈگلی نمبر 1 میں واقع جناح مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سیدشاکرعلی،حق پرست ٹاؤن ناظم محمددلاور، نائب ٹاؤن ناظم ناصرتیموری، یوسی ناظمین، نائب ناظمین،کونسلر،ایم کیوایم برنس روڈسیکٹرکمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کی فاتحہ سوئم

## سوئم کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی، وزراء، مشیران، ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، علمائے کرام، عمائدین شہر اور کارکنان وہمدردوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔4، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کی رسم فاتحہ سوئم آج ان کی رہائشگاہ واقع روفی گرین سٹی گلستان جوہر میں ہوئی جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی۔ سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، نیک محمد، اشفاق منگی، شکیل عمر، طارق میر، حق پرست سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے تمام ونگز وشعبہ جات کے اراکین، ایم کیوایم کراچی کی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں، ممتاز علمائے کرام مولانا سید محمد عون نقوی، مولانا سید اکرام حسین ترمذی، مولانا اکبر علی ناصر، حکیم محمد احمد زیدی، مولانا شاہ سراج الحق قادری، علامہ عباس کمیلی، مولانا محمد اسعد دیوبندی، مولانا سعید قمر قاسمی سمیت عمائدین شہر کے علاوہ مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں لندن سے آئے ہوئے ممتاز عالم دین حافظ مسرور الحسن نے اجتماعی دعا کرائی جس میں مافیہ خاتون مرحومہ کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، مشیران، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، علمائے کرام، کارکنان وہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے سلیم شہزاد سے ملاقات کرکے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔

## انگریزی روزنامہ دی نیوز کے رپورٹر فصاحت محی الدین کے والد کا سوئم، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری کی شرکت

کراچی۔۔۔4، ستمبر 2007ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری نے سینئر صحافی اور انگریزی روزنامہ دی نیوز کے رپورٹر فصاحت محی الدین کے والد کے سوئم میں شرکت کی۔ سوئم کا اجتماع مرحوم کی رہائشگاہ ناظم آباد نمبر 3 عیدگاہ گراؤنڈ میں واقع مسجد بلال میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔

## سلیم شہزاد سے ایم کیوایم امریکہ اور جاپان یونٹ کا اظہار تعزیت

واشنگٹن۔۔۔4 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کے آرگنائزر اعجاز صدیقی، جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان، سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین، یونٹ انچارجز، جوائنٹ یونٹ انچارجز، یوتھ ونگ، ایڈوائزری کمیٹی، میڈیا کمیٹی، معاون کمیٹی اور گہوارہ ادب کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکہ یونٹ کے تمام ذمہ داران وکارکنان سلیم شہزاد اوران کے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

دریں اثناء ایم کیوایم جاپان کے آرگنائزر محمد شفیق اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے سابق مرکزی فنانس سیکریٹری ایس ایم طارق شہید کے برادر نسبتی محمد آصف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق مرکزی فنانس سیکریٹری ایس ایم طارق شہید کے برادر نسبتی محمد آصف کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد آصف مرحوم کی بیوہ اور تمام سوگوار لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆